# ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، اسلام آباد

mpchs


Ref No. MP/MC/MG/TG/E-11/ROS/NL.40
Date: 26-11-2019

آپ کا اعتماد ہمارا اثاثہ

## ملٹی نیوز لیٹر
## نومبر 2019

معزز ممبران اسلام علیکم!

گزشتہ ایک سال میں آپ اور ہم سب نے حالات کو تیزی سے بدلتے ہوئے دیکھا۔ مہنگائی میں ہماری توقعات سے بہت زیادہ اضافہ ہوا۔ رئیل اسٹیٹ کے شعبے کو ملکی صورتحال نے کافی حد تک متاثر کیا۔ ملک میں مجموعی طور پر رئیل اسٹیٹ کے کاروبار میں مندے کا رجحان رہا۔ ٹیکس کے نئے قوانین اور ان پر عمل درآمد کے طریقہ کار سے سرمایہ کاری میں عدم دلچسپی مشاہدے میں آئی۔ الحمدللہ ان تمام معاملات کے باوجود آپ کی سوسائٹی میں ممبران کی دلچسپی غیر معمولی رہی۔ لوگوں کی دلچسپی کا یہ رجحان سوسائٹی کے معاملات پر لوگوں کے غیر متزلزل اعتماد کا ثبوت ہے۔ سوسائٹی پر اس اعتماد میں آپ سب کا تعاون شریک حال رہا۔ یہ ہمارے اور آپ کے لئے باعث اطمینان اور باعث فخر ہے۔ جس پر ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں۔ انشاء اللہ اگر آپ کا تعاون اسی طرح ہمیں حاصل رہا تو کامیابیاں ہمارا اور آپ کا مقدر بنیں گی۔ ہماری مختلف سکیموں کے ترقیاتی کاموں کی موجودہ صورتحال مختصراً حسب ذیل ہے۔





# پراگرس رپورٹ وسالانہ اجلاسِ عام ملٹی ممبران

## "اسلام آباد گارڈنز" سیکٹر E-11 اسلام آباد




جیسا کہ آپ کے علم میں ہے یہ سکیم قدرتی حسن سے مالا مال اور سوسائٹی کی پیشہ وارانہ صلاحیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس کے منفرد محل وقوع اور سوسائٹی کی پہلی سکیم ہونے کے پیش نظر ترقیاتی کاموں کا اعلیٰ معیار مقرر کیا گیا تھا۔ سیکٹر میں زیر زمین بجلی، سوئی گیس، حفاظتی خاردار تاریں، CCTV کیمرے، کشادہ سڑکیں، خوبصورت پارکس، مساجد، ہسپتال اور ہمہ وقت نگرانی کا ایک جامع نظام پوری طرح فعال ہو چکا ہے سکیم میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنایا گیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ یہاں رہائش پذیر لوگوں کے لئے واٹر فلٹریشن پلانٹ نصب کر دیئے گئے ہیں۔ دونوں سیکٹروں کیلئے خوبصورت داخلی گیٹ تعمیر کئے جا رہے ہیں۔ سہولیاتی مرکز مکمل طور پر فعال ہے جہاں ممبران کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جاتا ہے۔ کاروباری مراکز اپنی خوبصورتی اور جدید سہولیات کی وجہ سے اسلام آباد کے دوسرے سیکٹر کے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کر رہے ہیں۔

سیکورٹی کے انتظامات کو ٹیکنالوجی میں ہر روز ہونے والی پیش رفت سے ہم آہنگ کرنے کو عملی شکل دی گئی ہے اس نئے اور جدید نظام کے تحت ہمہ وقت نگرانی کے ساتھ ساتھ سڑکوں کی صفائی، کوڑا کرکٹ اور سیکٹر میں ہونے والی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ سڑکوں کی از سر نو اسفالٹ، لائن مارکنگ اور کیٹ آئی ریفلیکٹر لگائے گئے ہیں۔ سٹریٹ لائٹ اور بجلی کی نئی لائنیں بھی علیحدہ ٹرانسفارمر کے ذریعے نصب کی گئی ہیں۔ واٹر سپلائی کو بہتر کیا گیا ہے جبکہ ماحولیات کی مناسبت سے ہارٹی کلچر کا کام ماہرین کے زیر نگرانی ہمہ وقت جاری ہے۔ انہی منفرد خصوصیات کی وجہ سے اس سیکٹر کو ایک ممتاز حیثیت حاصل ہے۔ اس سکیم کے اعلیٰ معیار کا دیگر ملحقہ سکیموں سے بخوبی موازنہ کیا جا سکتا ہے۔

برائے مزید معلومات ورابطہ: منیجر Maintenance نوشاد صدیق اعوان
موبائل: 0316-5400071 ۔ آفس: 051-2228522/2305515





E-11 میں تعمیر شدہ خوبصورت گھروں کا منظر



E-11 میں تعمیر شدہ خوبصورت گھروں کا منظر




# ٹیلی گارڈنز سی ڈی اے سیکٹر F-17 اسلام آباد





یہ CDA کے زون 2 کی واحد سکیم ہے جو ہر لحاظ سے مکمل ہے۔ جی ٹی روڈ ترنول اور موٹروے انٹرچینج مین فتح جنگ روڈ پر واقع یہ سکیم انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ جس کا لے آؤٹ پلان پیشہ وارانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ رہائشی اور کمرشل عمارتیں کافی تعداد میں تعمیر کی جا چکی ہیں جبکہ مکینوں کی سہولت کیلئے خوبصورت مساجد، فلٹریشن پلانٹ۔ تجارتی مراکز، زیرِ زمین بجلی، اسٹریٹ لائٹس، سوئی گیس، پارک بچوں کے جھولے 24 گھنٹے سیکورٹی انتظامات، ہسپتال، فری ڈائیلائسز سنٹر، بینک، انٹرنیٹ، ٹیلی فون، اور مین گیٹ سے سفاری وین کی فراہمی یقینی بنائی جا چکی ہے۔ ایک محفوظ اور پر سکون زندگی رواں دواں ہے۔ سکیم میں پانی کی فراہمی کیلئے ٹیوب ویل نصب کر دیے گئے ہیں جبکہ وافر مقدار مین پانی کی فراہمی کے لے منصوبے زیرِ غور ہیں۔ CCTV کیمرے فعال ہیں اور ان کی تعداد بھی بڑھا دی گئی ہے۔ موضع ڈورہ کا اوپن برساتی نالہ کو ایک کروڑ روپے کی لاگت سے پختہ کر دیا گیا ہے۔ سڑکوں کی لین مارکنگ کے علاوہ کیٹ آئیز کے ساتھ ساتھ سمت کے بورڈ بھی لگائے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد کے نئے انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے فعال ہونے کے بعد اس سکیم کی اہمیت ہمارے سابقہ اندازوں سے کئی گنا بڑھ چکی ہے۔ مستقبل قریب میں سی پیک کے روٹ کے اجراء کے بعد اس علاقے میں پلاٹوں کا حصول دسترس سے باہر ہونے کا امکان ہے۔

برائے مزید معلومات و رابطہ: منیجر Maintenance نعمان ساجد
موبائل: 0323-5100323 ۔ آفس 051-2161110



جامع مسجد بلالؓ




# ملٹی گارڈنز B-17 سکیم

رقبے کے لحاظ سے سوسائٹی کی یہ سب سے بڑی سکیم ہے جو 9 بلاکوں پر محیط ہے۔ جن میں بلاک A-B-1-B ۔ بلاک C-1-C-D-E-F اور G پر شامل ہیں اس کا محل وقوع منفرد نوعیت کا حامل ہے۔ شمال کی جانب مارگلہ کی پہاڑیوں کا سلسلہ اس کی خوبصورتی میں مزید اضافہ کرتا ہے۔ سکیم کا لے آؤٹ پلان خوبصورتی سے ترتیب دیا گیا ہے۔ سکیم میں 40 فٹ سے لے کر 210 فٹ تک کشادہ سڑکیں ہیں۔ ہر بلاک میں تعلیمی ضروریات کے پیش نظر سکول، کالج، یونیورسٹی کیلئے جگہ مختص ہے تجارتی مراکز اور ہسپتال کے علاوہ تفریحی سرگرمیوں کیلئے گراؤنڈ اور پارکوں کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے۔

**ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے بلاک C، C-1، B-EXT، D، E، F اور بلاک G کے 19263 کنال پر مشتمل لے آؤٹ پلان کی منظوری راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (RDA) سے بذریعہ لیٹر نمبر RDA/MP&TE/F-PHS-TAX-08/758 ہو گئی ہے۔**

بلاک A-B-C اور F میں ترقیاتی کام جس میں سوئی گیس اور بجلی وغیرہ کے کام مکمل ہو چکے ہیں بلاک F کا پارک مکمل ہو چکا ہے جہاں بچوں کی تفریح کے لئے جھولے وغیرہ لگا دیئے گئے ہیں اس بلاک میں مسجد علیؓ کی تعمیر کا کام آخری مراحل میں ہے اور فنشنگ کا کام تیزی سے جاری ہے۔ کچھ ممبران نے یہاں رہائش بھی اختیار کر لی ہے۔ ممبران کی سہولت اور پینے کے صاف پانی کی ہمہ وقت دستیابی کیلئے مذکورہ سکیم کے بلاک A-B-C اور E میں فلٹریشن پلانٹ مکمل طور پر چالو ہیں۔ جبکہ بلاک D اور E میں سیوریج کی تنصیب کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ ان بلاکوں میں جزوی طور پر جہاں زمین کا قبضہ موجود ہے ترقیاتی کام مکمل کئے جا چکے ہیں۔ مکانوں کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ تجارتی مراکز آباد ہیں اور مکینوں کو اپنی روزمرہ کی ضروریات کیلئے باہر نہیں جانا پڑتا۔ کرکٹ اور فٹ بال گراؤنڈ نے سکیم میں نوجوانوں کے لئے صحت مند سرگرمیوں کا بہترین موقع فراہم کر دیا ہے۔ حفاظتی دیوار۔ CCTV کیمرے اور موبائل یونٹ کی کارکردگی کی وجہ سے جرائم کی شرح پر کافی حد تک قابو پایا جا چکا ہے۔ سکیم میں تعمیر شدہ ڈیم ایک پرکشش تفریح گاہ کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ جہاں سکیم کے مکینوں کے علاوہ واہ کینٹ، ٹیکسلا، راولپنڈی اور اسلام آباد کے لوگ سیر و تفریح کیلئے کثیر تعداد میں آتے ہیں۔ ممبران کی سہولت کیلئے سکیم میں سفاری سروس کا اجراء بھی کر دیا گیا ہے۔ B-17 سکیم سے چند منٹ کی دوری پر پاک چائنہ راہداری کی روڈ موٹروے سے لنک ہو رہی ہے جو کہ ڈیرہ اسمٰعیل خان کے ذریعے گوادر اور ملک کے دیگر حصوں سے رابطے کا باعث بنے گی۔

سکیم میں لینڈ سکیپنگ کا کام ماہرین کی نگرانی میں ایک خطیر بجٹ کے ساتھ مکمل کیا گیا ہے۔ سکیم میں پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے سائنسی بنیادوں پر جدید ٹیکنالوجی کی مدد حاصل کی گئی ہے۔ زیر زمین پانی کی موجودگی کو جانچنے کیلئے مختلف مقامات پر زیر زمین کھدائی کی گئی جن مقامات پر کامیابی حاصل ہوئی ہے وہاں ٹیوب ویل نصب کر دیے گئے ہیں۔ سکیم میں اس وقت سینکڑوں ولاز تعمیر کے مختلف مراحل سے گزر رہے ہیں جو عنقریب مکمل ہو جائیں گے۔ جبکہ مساجد اور کلب کو اس سال کے آخر تک مکمل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔






میسرز **Red Sun Associates** نے ایک ہائی رائیز پراجیکٹ کیپٹل سکوائر کے نام سے شروع کیا تھا جو تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ اس پروجیکٹ کے ایک مکمل فلور پر پاکستان کا سب سے بڑا مکمل ایئر کنڈیشنڈ ان ڈور فیملی فن لینڈ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ جہاں فیملی کے لئے مکمل انٹرٹینمنٹ ایریا ہوگا اور فیملی کا ہر فرد لطف اندوز ہو سکے گا۔ یہاں جوراسک پارک، ڈائنا سور، ہیلی کاپٹر رائیڈ، **7D** موشن رائیڈ (مکمل **VR SECTION** سنگل ڈبل فیملی) شوٹنگ ایریا، کار ریسنگ، بائیک ریسنگ، فلائنگ کارپٹ، کار نیول ایریا، گیمنگ زون بچوں کے لئے جدید قسم کے کھلونے اور بہت کچھ دلچسپی کے سامان موجود ہونگے۔ اس منصوبے کا بہترین قدرتی ماحول اور منفرد لوکیشن ہے جس میں فوڈ کورٹ **(FOOD COURT)** بھی ہے۔ اس پروجیکٹ میں خریداری کے حوالے سے دنیا کے تمام مشہور برانڈ بھی اپنے **Out let** کھولیں گے۔ یہ اپنی نوعیت کا ایک منفرد منصوبہ ہے جو اس پورے علاقے کے لوگوں کے لئے تفریح کے ساتھ ساتھ ضروریات زندگی کی تمام ضروریات پوری کرے گا۔



## تعلیمی سہولیات

سکیم کے رہائشی اور گردونواح کے عوام الناس کے بچوں کو اچھی تعلیم کے مواقع باہم پہنچانے کیلئے ملٹی گارڈنز **B-17** سکیم کے بلاک **A** میں **33.45** کنال پر محیط سنٹر فار ایڈوانس سٹڈی انجینئرنگ **(CASE)** یونیورسٹی کو پلاٹ الاٹ کیا تھا جس کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے اور اس یونیورسٹی میں کلاسز کا آغاز ہو چکا ہے جبکہ نئے سال کے داخلے جاری ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ دار ارقم، الائیڈ، قرطبہ اور سمارٹ سکول کے ادارے بھی تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

برائے مزید معلومات و رابطہ: منیجر **Maintenance** ندیم اختر تقی
موبائل: **0324-5048490** ـ آفس: **051-5203040**








## گرڈ اسٹیشن کی تعمیر


ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے مکینوں کی طرف سے بجلی کے بارے میں شکایات تھیں جس کے ازالے کے لیے سوسائٹی نے جدید تقاضوں کے مطابق سکیم میں علیحدہ 32 کنال پر محیط گرڈ اسٹیشن تعمیر کیا گیا ہے۔ اس کی تعمیر واپڈا IESCO نے چینی ماہرین سے کروائی ہے۔ جس پر کثیر لاگت آئی ہے۔ گرڈ اسٹیشن کی تعمیر سے سوسائٹی کے تمام بلاکوں میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنادیا گیا۔







## چڑیا گھر (Zoo) کی تعمیر



عوام الناس کو معیاری تفریح باہم پہنچانے کیلئے خوبصورت جدید طرز تعمیر اور مروجہ معیار کے مطابق چڑیا گھر کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے جہاں حیوانات اور ماحولیات کے تقاضے قانون کے مطابق پورے کیے گئے ہیں۔ جسے عوام الناس کی تفریح کے لئے کھول دیا گیا ہے۔ جو نہ صرف مقامی لوگوں بلکہ قرب وجوار سے بھی لوگوں کی تفریح کا باعث ہوگا۔ یہ چڑیا گھر جس جگہ بنایا گیا ہے اس کے ارد گرد اور بھی تفریحی سہولیات موجود ہیں جو ہر عمر کے لوگوں کی دلچسپی کا باعث ہونگی۔ اس چڑیا گھر میں مختلف قسم کے چھوٹے بڑے جانور اور خوبصورت پرندے موجود ہیں جو دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ اپنا قیمتی وقت نکال کر اپنے بچوں اور دوستوں کے ہمراہ تشریف لاکر لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔



## G بلاک کے ترقیاتی کاموں کا آغاز

ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم بلاک G کے رہائشی پلاٹوں کی الاٹمنٹ بذریعہ کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی ہو چکی ہے اور ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ کمرشل ایریا تک مین روڈ کی کٹنگ کا کام مکمل ہو چکا ہے اور ایک کلورٹ بھی مکمل ہے جہاں فلنگ کی جا رہی ہے۔ قبرستان کے نزدیک نشیبی علاقے میں بھی فلنگ کا کام ہو رہا ہے۔ جبکہ وہ ایریا جہاں متبادل پلاٹ الاٹ کئے جا رہے ہیں اسے بھی صحیح حالت میں لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مین روڈ پر بھی کام کی رفتار تسلی بخش ہے۔ ترقیاتی کاموں کی تکمیل کے بعد انشاء اللہ 4 سال کے اندر الاٹیوں کو پلاٹ کا قبضہ دے دیا جائے گا۔ G بلاک B-17 سکیم میں سب سے بلندی پر واقع اور موٹروے کے ساتھ متصل ہے اس کا لے آؤٹ پلان انتہائی پیشہ وارانہ مہارت سے تیار کیا گیا ہے۔ اس سکیم کی نمایاں خصوصیت زیرزمین پانی کی موجودگی ہے جو وافر مقدار میں بتائی جاتی ہے۔ اس سے نہ صرف اس بلاک کے مکین فیض یاب ہونگے بلکہ سکیم کے دوسرے بلاکوں کو بھی پینے کا صاف پانی فراہم کیا جائے گا۔






# ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم

امید ہے کہ ممبران سکیم کا ذاتی طور پر مشاہدہ کر چکے ہوں گے یہ سکیم پاکستان میں ایک منفرد حیثیت رکھتی ہے۔ جہاں فارم ہاؤس کے لئے رہائشی کالونیوں کی دورِ حاضر کی جدید سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔ سیوریج، ڈرینج، زیرِ زمین بجلی، سوئی گیس اور کشادہ سڑکوں کے علاوہ پارک ہسپتال، مارکی، تعلیمی ادارے، کمرشل مرکز، تفریحی سہولیات جن میں فٹ بال، کرکٹ گراؤنڈ شامل ہیں مہیا کیے گئے ہیں۔ زیرِ زمین پانی وافر مقدار میں موجود ہے۔ بلاک C کے مین روڈ کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ بلاک A کے MR-1 میں اسفالٹ اور TST کا کام مکمل ہو گیا ہے۔ لین مارکنگ اور کیٹ آئیز کے ساتھ ساتھ سمت کے بورڈ بھی لگائے جا رہے ہیں۔ بلاک B-EXT میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ ممبران کی سہولت کیلئے مسجد عثمان غنی اور مسجد خدیجہ الکبریٰ نماز کی ادائیگی کیلئے کھول دی گئی ہیں۔ بلاک D میں Amusement پارک، بیڈمنٹن، ٹینس اسکواش کھیلنے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ خوبصورت لینڈ سکیپنگ نے سکیم کے حسن کو دوبالا کر دیا ہے۔ سکیم کے رہائشی بلاکوں میں گھروں کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ جہاں بہت سے ممبران نے رہائش اختیار کر لی ہے اور سکیم میں گیس کی سپلائی شروع ہے اور میٹر لگنے شروع ہو گئے ہیں۔ جدید ترین CCTV کیمرے اور 24 گھنٹے سیکورٹی موبائل پوری طرح فعال ہے۔ دیگر مساجد اور پارکس تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں بچوں کے لئے جابجا جھولے اور دوسری صحت مند سرگرمیوں کیلئے خاص توجہ دی گئی ہے پینے کے پانی کیلئے فلٹریشن پلانٹ شروع ہی سے مہیا کر دیئے گئے ہیں۔ غرض یہ کہ سکیم ایک خوبصورت رہائشی منصوبے کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ سی پیک منصوبے کی وجہ سے منصوبے کی اہمیت میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ زبان زدِ عام ہے کہ مستقبل میں یہ ایک انتہائی خوبصورت اور محفوظ رہائشی سکیم شمار کی جائے گی۔ جو موٹروے M-1 سے متصل ٹیکسلا واہ کینٹ اور حسن ابدال سے منسلک ہے۔ ممبران کی سہولت کیلئے مین گیٹ پر سفاری گاڑیوں کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ وہ ممبران جنہوں نے یہاں فارم ہاؤس، رہائشی یا کمرشل پلاٹ لیئے ہیں دیرینہ کریں اور اپنی عمارتوں کی جلد از جلد تعمیر مکمل کر لیں۔

**ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے LOP کے حوالے سے Land Verifaction کا عمل مکمل ہو چکا ہے اور ڈسٹرکٹ کونسل اٹک نے بلاک C-EXT ،B ،A اور D کا Preliminary Planning Permission (PPP) بذریعہ لیٹر نمبر 910 / CO / DC / ATK مورخہ 25-10-2019 کو منظوری دے دی ہے۔**

برائے مزید معلومات ورابطہ: منیجر Maintenance ارسلان اکبر
موبائل: 0332-5755807 آفس 051-4868000








## سیکورٹی کے انتظامات

سوسائٹی کی تمام سکیموں میں موجودہ سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کئے گئے ہیں۔ سوسائٹی کی سکیموں کے اردگرد حفاظتی دیوار اور خاردار تار ان کے اُوپر CCTV کیمرے نصب کئے جا چکے ہیں ہیں جہاں ہمہ وقت سیکورٹی گارڈ ڈیوٹی ادا کرتے ہیں۔ ان تمام اقدامات کے علاوہ سیکورٹی کا باقاعدہ الگ ڈیپارٹمنٹ قائم کیا گیا ہے جس کے انچارج صوبیدار نثار احمد جن کا موبائل نمبر 0336-5574652 ہے۔ سیکورٹی سے متعلق کسی بھی شکایت کی صورت میں ان سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## بقایا رقوم کی ادائیگی

سوسائٹی اپنے وعدے پورے کرنے کی پوری کوشش کر رہی ہے۔ ترقیاتی کاموں کے معیار میں کسی بھی سطح پر سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔ اس دوران بے حد مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ مہنگائی کی صورتحال نے تمام اندازے غلط ثابت کر دیئے لیکن انتظامیہ کی بھرپور کوشش رہی کہ ترقیاتی کاموں کے تسلسل میں رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ آج سوسائٹی کی تمام سکیمیں آپ کی رہائش کی منتظر ہیں۔ بہت سے لوگ آج بھی وہاں رہائش پذیر ہیں جبکہ ایک وسیع علاقہ آپ سے توقع رکھتا ہے کہ اس پر جلد از جلد تعمیراتی کام شروع کیا جائے۔ انتظامیہ کی ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ آپکو ہر وہ سہولت مہیا کی جائے جو آج کے دور کی متقاضی ہے۔ یہ سب اسی صورت میں ممکن ہے جب آپ اپنے بقایا جات کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں اور اپنے پلاٹوں کا قبضہ حاصل کر کے جلد از جلد تعمیراتی کام شروع کر دیں۔ انتظامیہ آپکے اس عمل میں آپکا بھرپور ساتھ دے گی۔ **Escalation چارجز سے بچنے کیلئے اپنے بقایا جات 20 دسمبر 2019ء سے پہلے بذریعہ پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ بنام "ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی"** ملٹی مینشن، G-8 مرکز، اسلام آباد میں جمع کروادیں یا پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ سوسائٹی ایڈریس پر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک / TCS بھجوادیں۔ پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ کی پشت پر اپنا نام ممبر شپ نمبر اور فون نمبر لکھنا نہ بھولیں۔

**ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے ای میل، موبائل نمبر اور ایڈریس کی تبدیلی کی صورت میں عامر ایاز علی سے موبائل نمبر 0300-5276817 پر فوری رابطہ کریں تاکہ آپ سے رابطہ کرنے میں آسانی ہو سکے۔**

## اطلاع برائے اجلاس عام (AGM)

اسلام آباد گارڈنز "سیکٹر E-11"۔ ٹیلی گارڈنز "سیکٹر F-17"۔ ملٹی گارڈنز "سیکٹر B-17" سکیم اور ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ پراجیکٹ ممبران متوجہ ہوں۔

ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کی سکیموں "اسلام آباد گارڈنز" سیکٹر E-11/3 فیز-I اسلام آباد سیکٹر E-11/1 فیز-II، اسلام آباد "ٹیلی گارڈنز" سیکٹر F-17 اسلام آباد "ملٹی گارڈنز" سیکٹر B-17 سکیم اور ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ پراجیکٹ کے تمام ممبران کا سالانہ اجلاس عام (AGM) مورخہ 17-12-2019 بروز منگل دن 12:30 بجے "ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم" نزد جھنگ باہتر انٹرچینج موٹروے M-1 میں منعقد ہوگا۔ اجلاس مقررہ وقت پر شروع ہوگا۔ تمام ممبران سے شرکت کی پرزور درخواست کی جاتی ہے۔

اجلاس میں صرف سوسائٹی ممبران شرکت کر سکتے ہیں۔ ممبرشپ کے ثبوت کے طور پر الاٹمنٹ لیٹر یا ادائیگی رقم کی رسید کی کاپی کے ساتھ اصل شناختی کارڈ لانا لازمی ہے۔ ممبران کی آسانی کے لیے GPO، صدر راولپنڈی، اور ملٹی مینشن G-8 مرکز اسلام آباد آفس اور پیرییر نمبر 3 واہ کینٹ، مین جی ٹی روڈ N-5 سے اجلاس عام میں شرکت کے لیے ٹرانسپورٹ کا انتظام کیا گیا ہے۔ جو ممبران اس سہولت سے استفادہ حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ دن 11:00 بجے تک مقررہ مقامات پر پہنچ جائیں۔

## مجوزہ ایجنڈہ

(1) تلاوت کلام پاک۔ (2) صدر کا خطبہ استقبالیہ (3) سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ (4) کاروائی گذشتہ اجلاس عام منعقدہ 17-12-2018 کی توثیق (5) نئے ممبران کے داخلے اور خروج کی توثیق۔ (6) آڈٹ رپورٹ سال 2018-2019 اور بجٹ مالی سال 2019-2020 کی منظوری۔ (7) مختلف افراد۔ کمپنیوں۔ ڈویلپرز کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹ کے ساتھ سوسائٹی کے منصوبوں پر عمل درآمد کے سلسلے میں کیے گئے معاہدوں کی تفصیل بیان اور ان کی منظوری۔ (8) ہیڈ آفس G-8 مرکز اسلام آباد کی رینوویشن کی منظوری۔ (9) سوسائٹی میں نئے ملازمین کی تقرری، پرموشن اور برخاستگی کی منظوری۔ (10) سوسائٹی کی مختلف سکیموں کے لئے اراضی کے تبادلہ اور خرید کی گئی اراضی و قبضہ اور آبادیوں اور لینڈ سکیپنگ کے لئے کیے گئے معاہدوں اور ادا کی گئی رقم کی تفصیل بیان اور ان کی منظوری۔ (11) تمام سکیموں میں کیے گئے ڈویلپمنٹ، کنسٹرکشن کے کاموں۔ ترقیاتی کاموں کی مد میں ادا کردہ بلز، سروس چارجز اور سکیموں میں توسیع کی منظوری۔ (12) تمام سکیموں میں فروخت کیے گئے رہائشی، کمرشل، شاپنگ سنٹر، ہسپتال، سکول، اپارٹمنٹ، مکس یوز ڈویلپمنٹ پلاٹوں اور ان کی قیمت کی منظوری۔ (13) تمام سکیموں کے رہائشی اور کمرشل پلاٹوں کی قیمتوں میں کیے گئے اضافے کی منظوری۔ (14) رہائشی اور کمرشل پلاٹ کے واجبات ادا نہ کرنے والے ممبران کے پلاٹ منسوخ/کینسل کرنے کی منظوری۔ (15) وقفہ سوالات۔ (16) دیگر کسی بھی مسئلہ پر صدر سوسائٹی کی پیشگی منظوری سے گفتگو۔ (17) اجلاس کے اختتام پر تناول ماحضر۔

نوٹ: تبدیلی ایڈریس اور فون نمبر کی صورت میں رابطہ : عامر ایاز علی 0300-5276817

منجانب: جنرل سیکرٹری (MPCHS)


**ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (MPCHS)**

ملٹی مینشن، G-8 مرکز، اسلام آباد۔ پاکستان

فون نمبر۔ 2253470 - 051-2254115

برائے مزید معلومات و رابطہ راجہ علی شان: 0332-5514842۔ محمد رحیم شاہ 0332-5791935

ویب سائٹ: www.mpchs.com۔ ای میل: info@mpchs.com